لاتمسه النار

انہیں آگ نہیں چھوئے گی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: «جس مسلمان کے تین بچے فوت ہو جائیں اسے جہنم کی آگ نہیں چھوئے گی، مگر قسم پوری کرنے کے لئے آگ پر سے گزرے گا۔»

حدیث میں اشارہ اللہ کے اس قول کی طرف ہے: ﴿وَإِن مِّنكُمۡ إِلَّا وَارِدُهَاۚ كَانَ عَلَىٰ رَبِّكَ حَتۡمًا مَّقۡضِيًّا ۝٧١ ثُمَّ نُنَجِّي ٱلَّذِينَ ٱتَّقَواْ وَّنَذَرُ ٱلظَّٰلِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا﴾ [مريم: ٧١- ٧٢]

”تم میں سے ہر ایک وہاں ضرور وارد ہونے والا ہے، یہ تیرے پروردگار کے ذمے قطعی، فیصل شدہ امر ہے۔ پھر ہم پرہیزگاروں کو تو بچالیں گے اور نافرمانوں کو اسی میں گھٹنوں کے بل گرا ہوا چھوڑ دیں گے۔“

امام خطابی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جہنم میں عذاب دیئے جانے کی خاطر داخل نہ ہوں گے، بلکہ محض وہاں سے گذرنا ہوگا، اور یہ گذر بھی صرف اس قدر ہوگی کہ قسم پوری ہو جائے۔

المكتب التعاوني للدعوة
و توعية الجاليات بالربوة